کیے ہوئے ہے' کم وبیش ساڑھے تین سو صفحات کے اس ضخیم نمبر کی قیمت ایک سو روپے ہے۔

معالم العرفان فی دروس القرآن (جلد ۱۷)

حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی دامت برکاتہم کے دروس قرآن کا سلسلہ جو ایک عرصہ سے جاری ہے اور ملک بھر کے علماء و خطباء ان سے مسلسل استفادہ کر رہے ہیں' یہ اس کی آخری کڑی ہے اور اس کے ساتھ ہی قرآن کریم کے عام فہم ترجمہ وتشریح کا یہ سلسلہ مکمل ہوگیا ہے۔ یہ جلد سورۃ الواقعہ تا سورۃ التحریم پر مشتمل ہے جبکہ آخری پارہ کے دروس اس سے قبل شائع ہو چکے ہیں۔ حضرت صوفی صاحب مدظلہ کے ان دروس کی امتیازی خصوصیت ہے کہ قرآن کریم کے عام فہم ترجمہ وتشریح کے ساتھ فلسفہ ولی اللہی کے مطابق دور حاضر کے مسائل ومشکلات کا حل پیش کرتے ہیں اور کفر والحاد کے فتنوں کی نشاندہی کرتے ہوئے ان کے زہر کا تریاق بھی ان میں موجود ہوتا ہے جو اس دور میں عام پڑھے لکھے احباب اور علماء و مدرسین کے لیے بیش بہا ذخیرہ ہے۔ دروس قرآن کا مکمل سیٹ بیس جلدوں پر مشتمل ہے جس کا مجموعی ہدیہ اکتیس سو پچپن (۳۱۵۵) روپے ہے اور مکتبہ دروس القرآن مدرسہ نصرۃ العلوم فاروق گنج گوجرانوالہ سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

تفسیر آیت النور

حضرت شاہ رفیع الدین محدث دہلویؒ کا رسالہ تفسیر "آیت النور" حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی مدظلہ کے مقدمہ وتحقیق اور حضرت مولانا حافظ عزیزالرحمن ایم۔ اے کے اردو ترجمہ کے ساتھ ادارہ نشرواشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم فاروق گنج گوجرانوالہ نے شائع کیا ہے جس کے بارے میں دور حاضر کے عظیم مفسر قرآن کریم حضرت علامہ شمس الحق افغانیؒ کا ارشاد ہے کہ۔

> "زیر تقریظ رسالہ کو جو میں نے دیکھا تو اس سے میں نے استفادہ کیا جس کی بنا پر میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ آیت نور کے متعلق تفاسیر کا جس قدر ذخیرہ موجود ہے' یہ چھوٹا سا رسالہ ان سب پر بھاری ہے"

ایک سو کے لگ بھگ صفحات پر مشتمل اس رسالہ کی قیمت ۳۹ روپے ہے۔